نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

24ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

536/2010

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاکستان کے بارے میں امریکی نائب صدر بائیڈن اور برطانوی نائب وزیراعظم کلیگ کا مشترکہ بیان

دفتر نائب صدر

23 ستمبر 2010ء

برطانیہ اور امریکہ نے پاکستان میں جاری سیلاب کی آفت سے نمٹنے کیلئے مؤثر ترین ممکنہ بین الاقوامی امداد کو یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے۔ ہم پاکستان میں وسیع پیمانے پر آنے والی تباہی اور بحالی کیلئے انسانی بنیادوں پر موجود ضروریات کو تسلیم کرتے ہیں۔

ہم اب تک دیئے گئے عالمی عطیات کا خیر مقدم کرتے ہیں، جن میں برطانیہ کی جانب سے 134 ملین پاؤنڈز (تقریباً 209 ملین ڈالر) اور امریکہ کی طرف سے فراہم کی جانے والی 345 ملین ڈالر (تقریباً 222 ملین پاؤنڈز) کی امداد بھی شامل ہے اور ہم ان ملکوں اور دیگر ممالک کے شہریوں کی فراخدلی کو بھی تسلیم کرتے ہیں۔ تاہم ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ اقوام متحدہ کی طرف سے انسانی بنیادوں پر کی گئی اپیل اور نقصانات اور ضروریات کے حوالے سے عالمی بینک کے تخمینوں کے اہداف حاصل کرنے کیلئے ہم عالمی برادری کو رابطوں اور قیادت پر مبنی مکمل، تیز اور مؤثر ردعمل ظاہر کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم اشتراک کاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ 2009ء میں منعقد ہونے والے ٹوکیو ڈونرز اجلاس میں کئے گئے وعدے پورے کرنے کے علاوہ سیلاب کے حوالے سے مزید امداد فراہم کرنے کا عہد کریں۔

امریکہ اور برطانیہ فوری انسانی ضروریات سے بڑھ کر سیلاب کے بعد پاکستان میں تعمیر نو کیلئے طویل المدت اعانت کو جاری رکھنے کے عزم کی توثیق کرتے ہیں۔ ہم بین الاقوامی برادری کے دوسرے ارکان کو بھی اس کاوش میں شامل رہنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ پاکستان میں استحکام، جس کیلئے معاشی اور جمہوری ترقی ضروری ہے، اس خطے کے استحکام اور ساری دنیا کی سلامتی کیلئے ناگزیر ہے۔

ہم اس قدرتی آفت کی گھڑی میں اپنے دونوں ملکوں کی جانب سے پاکستانی عوام کی غیر متزلزل امداد کا عہد کرتے ہیں۔ لیکن ہماری امداد یہیں پر ختم نہیں ہو جاتی۔ ہم پاکستان کے ساتھ مشترکہ مفادات اور باہمی احترام پر مبنی اسٹریٹیجک شراکت داری کو بڑھانے کے اپنے عزم کی بھی تجدید کرتے ہیں۔

ہم پاکستان کو ترقی، سلامتی اور حکمرانی سمیت متعدد چیلنجوں سے نمٹنے کے سلسلے میں عالمی برادری کے کردار کو بھی تسلیم کرتے ہیں۔ ہم اس ایجنڈے کیلئے مزید سیاسی حمایت کو متحرک کرنے کیلئے اکتوبر میں ہونے والے فرینڈز آف ڈیموکریٹک پاکستان کے وزارتی اجلاس کے منتظر ہیں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800